## سوال

(107) شیعوں کے پیچھے حنفی مذہب کی نماز ہوجاتی ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی شیعہ ہے اپنے آپ کو شیعہ کہتا ہے، قرابت داری اور نکاح وغیرہ شیعوں سے ہے ایسے آدمی کے پیچھے حنفی مذہب والوں کی نماز ہوجاتی ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیعہ کے پیچھے حنفی کی نماز نہیں ہوتی، مرغنائی میں ہے، بدعتی آدمی کے پیچھے نماز ہوجاتی ہے لیکن رافضی، جہمی، قدری، مشبہہ اور قرآن کے مخلوق ہونے کے قائل کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔ (سید محمد نذیر حسین)

فتاوی نذیریہ

جلد01